رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of
ڈھلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
25 YEARS TRUST AND PURITY
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی • ممبئی • کولکاتا • لکھنؤ • گورکھپور • کانپور • پٹنہ • حیدرآباد • اور بنگلورو سے ایک ساتھ

روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA
KANPUR

1
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru

KANPUR Pages: 12 ₹ 4/- Vol:14 Issue :4509 شمارہ نمبر:4509 9/ذی القعدہ 1445ھ ہفتہ «یعنی مکمل سچ» •حب الوطنی •فرض شناسی •ایثار Saturday 18 May 2024 سال:14

ہندوستانی مصالحہ پر نیپال میں بھی پابندی عائد

کاٹھ منڈو، (ایجنسیاں)، سنگاپور اور ہانگ کانگ کے بعد اب نیپال نے بھی ہندوستانی مصالحہ جات کے 2 برانڈس ایوریسٹ اور ایم ڈی ایچ کی فروخت، استعمال اور درآمد پر پابندی لگادی ہے۔ نیپال کے فوڈ ٹکنالوجی اور کوالٹی کنٹرول ڈپارٹمنٹ نے پیغچنے اس خدشے کے درمیان لیا ہے کہ ان مصالحوں میں کیڑے مار دوا ایتھیلین آکسائیڈ ہوسکتی ہے۔ ان مصالحوں میں ایتھیلین آکسائیڈ کی تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔ نیپال کے فوڈ ٹکنالوجی ڈپارٹمنٹ کے ترجمان موہن کرشنا مہاراجن نے کہا کہ ایوریسٹ اور ایم ڈی ایچ برانڈ کے مصالحوں کی درآمد پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ'ہم نے ان مصالحوں کی مارکیٹ میں فروخت پر بھی پابندی لگادی ہے۔ یہ قدم اس خبر کے بعد اٹھایا گیا ہے کہ ان مصالحوں میں نقصان دہ کیمیکل موجود ہیں۔ ان دونوں برانڈس کے مصالحوں میں شطراٹک کیمیکلز کی تحقیقات جاری ہیں۔ اس کی تحقیقاتی رپورٹ آنے تک پابندی برقرار رہے گی۔'واضح رہے کہ ایم ڈی ایچ اور ایوریسٹ مصالحوں کے مشہور ومعروف برانڈ ہیں اور گھر گھر میں استعمال ہوتے ہیں۔ ان برانڈس کے مصالحے مشرق وسطیٰ سمیت دنیا کے کئی ممالک کو برآمد کیے جاتے ہیں۔ ایم ڈی ایچ اور ایوریسٹ کے مصالحوں کی تحقیقات برطانیہ نیوزی لینڈ، امریکہ اور آسٹریلیا میں بھی شروع ہوسکتی ہیں۔ برطانیہ کی فوڈ سیفٹی ایجنسی (ایف ایس اے) نے حفظ ماسبق کارروائی کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہندوستان سے آنے والے تمام مصالحوں پر زہریلے کیڑے مار دوا کی جانچ کو سخت کردیا ہے، جس میں ایتھیلین آکسائیڈ بھی شامل ہے۔ نیوزی لینڈ کے فوڈ سیفٹی ریگولیٹری پارلیمنٹ کی قائم مقام ڈپٹی ڈائرکٹر جنرل جینی بشپ نے کہا کہ'ایتھیلین آکسائیڈ ایک ایسا کیمیکل ہے، جو انسانوں میں کینسر کا باعث بن سکتا ہے۔ ایم ڈی ایچ اور ایوریسٹ کے مصالحے نیوزی لینڈ کے بازاروں میں بھی فروخت ہوتے ہیں۔ ہم اس معاملے کی تحقیقات کررہے ہیں۔'

درجہ حرارت ریکارڈ سطح پر پہنچا◻ اگلے 5 دنوں تک ستائے گی جان لیوا گرمی کی لہر

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

ان دنوں ملک کے کئی علاقے شدید گرمی کی لپیٹ میں ہیں۔ جمعرات کو دارالحکومت دہلی میں اس سیزن کا گرم ترین دن ریکارڈ کیا گیا۔ جمعرات کو دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 42.5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا جو معمول سے 2 ڈگری سیلسیس زیادہ تھا۔ وہیں ہریانہ کے سرسا میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 47 ڈگری سیلسیس تک پہنچ گیا۔ جبکہ ملک کے کئی علاقوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 44 ڈگری سینٹی گریڈ تک ریکارڈ کیا گیا، جبکہ ہفتہ کو زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 45 ڈگری سیلسیس تک پہنچنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات (آئی ایم ڈی) نے جمعرات کو کہا کہ 18 مئی سے مشرقی اور وسطی ہندوستان میں گرمی کی لہر شروع ہوگی۔ محکمہ نے ہریانہ، پنجاب، راجستھان اور دہلی کے لیے اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ یہ چھوں، بوڑھوں اور دائمی بیماریوں میں مبتلا لوگوں کے لیے صحت کے خدشات پر زور دیتا ہے۔ وارننگ میں کہا گیا ہے کہ جو لوگ زیادہ دیر تک دھوپ میں رہتے ہیں یا بھاری کام کرتے ہیں ان میں گرمی سے متعلق بیماریوں میں اضافہ کا خدشہ ہے۔

محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ اگلے 5 دنوں تک راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور اتر پردیش کے کچھ علاقوں میں 17 مئی سے 21 مئی تک گرم ہوا چلے گی۔ شمالی مدھیہ پردیش میں 18 مئی سے 21 مئی تک گرمی کی لہر کی وارننگ جاری کی گئی ہے۔ مغربی راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور دہلی کے کچھ علاقوں میں 18 سے 21 مئی کے دوران مہلک گرمی کی لہر کا امکان ہے۔ جبکہ ذیلی ہمالیائی علاقوں اور مغربی بنگال میں 17 مئی تک لُو اور گرمی سے لوگ بے حال رہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 17 سے 21 مئی کے دوران تمل ناڈو، پڈوچیری، کرناٹک کے کچھ علاقوں میں شدید بارش کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ 20 مئی کو کیرالہ میں شدید بارش کا امکان ہے۔ درحقیقت یہ بارش تمل ناڈو کے جنوبی ساحل پر گرد باد طوفان کے اثر کی وجہ سے ہوگی۔ بارش کے ساتھ ساتھ 40 سے 50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوا بھی چل سکتی ہے۔ اس کے علاوہ اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ساحلی کرناٹک، جنوبی داخلی کرناٹک اور کیرالہ میں بھاری بارش کی توقع ہے۔ جنوب مغربی مانسون انڈمان سمندر میں آگے بڑھ رہا ہے اور جلد ہی کیرالہ پہنچنے کا امکان ہے۔ ہندوستان میں جب میدانی علاقوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 ڈگری سیلسیس تک پہنچ جاتا ہے اور پہاڑی علاقوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30 ڈگری سیلسیس سے اوپر پہنچ جاتا ہے، تو اسے گرمی کی لہر کی حالت سمجھا جاتا ہے۔ اس صورت حال میں گرمی سے متعلق کئی بیماریاں لاحق ہوسکتی ہیں اور کئی صورتوں میں یہ جان لیوا بھی ہوسکتی ہے۔ ہیٹ ویو کے حالات خاص طور پر بچوں، بوڑھوں اور بیماروں کے لیے خطرناک ہیں۔ ہیٹ ویو یا لُو کی صورت میں انسانی جسم میں پانی کی کمی ہوسکتی ہے جس سے پٹھوں میں تناؤ کا مسئلہ پیدا ہوسکتا ہے۔ پکا کھا رنا بھی ہوسکتا ہے۔ زیادہ دیر تک دھوپ میں رہنے سے چکر آنا اور بے ہوشی کا مسئلہ بھی پیدا ہو سکتا ہے۔ کمزوری، سر درد اور قے جیسے مسائل بھی ہو سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ لوگوں کو دوپہر کے وقت گھروں میں رہنے کا مشورہ دیا جارہا ہے۔

◀ ہیٹ ویو خاص طور پر بچوں، بوڑھوں اور بیماروں کے لئے خطرناک

◀ جسم میں پانی کی کمی سے پٹھوں میں تناؤ کا مسئلہ ہوسکتا ہے پیدا

◀ لوگوں کو دوپہر کے وقت گھروں میں رہنے کا مشورہ

◀ ہریانہ، پنجاب، راجستھان اور دہلی کے لئے اورنج الرٹ جاری

مختصر خبریں

بنگال اور پنجاب میں او بی سی کوٹا بڑھانے کی سفارش

نئی دہلی، (ایجنسیاں)، نیشنل کمیشن فار بیک ورڈ کلاسز (این سی بی سی) نے پنجاب اور مغربی بنگال میں دیگر پسماندہ طبقات (او بی سی) کے لیے ملازمتوں میں ریزرویشن کوٹا بڑھانے کی سفارش کی ہے۔ کمیشن کا یہ فیصلہ موجودہ ریزرویشن پالیسیوں، زبانی بیانات اور دستاویزی ثبوتوں کا جائزہ لینے کے بعد آیا ہے، جس کا مقصد اندراسابھی کمیشن میں سپریم کورٹ کی طرف سے دی گئی ہدایات کی تکمیل کرنا ہے۔ اس وقت پنجاب میں ملازمت کے شعبے میں کل 37 فیصد ریزرویشن دیا گیا ہے، جس میں درج فہرست ذاتوں کو 25 فیصد ریزرویشن دیا گیا ہے اور دیگر پسماندہ طبقات (او بی سی) کے لوگوں کو 12 فیصد ریزرویشن دیا گیا ہے۔ این سی بی سی نے پنجاب میں ملازمتوں میں او بی سی کے لیے ریزرویشن میں مزید 13 فیصد اضافہ کرنے کی سفارش کی ہے، جس سے او بی سی زمرے کے لیے کل ریزرویشن 25 فیصد ہوجائے گا۔ قابل ذکر ہے کہ سپریم کورٹ نے سماجی اور تعلیمی لحاظ سے پسماندہ طبقات کے لیے ریزرویشن کی حد 50 فیصد مقرر کی ہے۔ پنجاب حکومت کے اڈیشنل چیف سیکریٹری ڈی کے تیواری 22 فروری کو این سی بی کی میں حاضر ہوئے تھے اور کمیشن کی سفارشات کو نافذ کرنے کے لیے ریاست کے عزم کا اظہار کیا تھا۔ مغربی بنگال میں 35 ذاتوں/برادریوں کو او بی سی زمرے میں شامل کیا گیا ہے۔ مغربی بنگال میں او بی سی کی ریاستی فہرست میں کل 179 او بی سی کمیونٹیز درج ہیں۔ زمرہ A (زیادہ پسماندہ) میں 81 ذاتیں ہیں، جن میں سے 73 ذاتیں اسلام مذہب سے تعلق رکھتی ہیں۔ کیٹگیری 'B' (پسماندہ) میں 98 ذاتیں ہیں، جن میں سے 45 برادریوں کا تعلق اسلام مذہب سے ہے۔ زمرہ 'A' (زیادہ پسماندہ) کے لیے ریزرویشن 10 فیصد اور زمرہ 'B' (پسماندہ) کے لیے ریزرویشن 7 فیصد ہے۔ مغربی بنگال میں روزگار کے لیے درج فہرست ذات، درج فہرست قبائل اور دیگر پسماندہ طبقات کے لیے ریزرویشن کوٹا بالترتیب 22 فیصد، 6 فیصد اور 17 فیصد ہے۔ این سی بی سی کا کہنا ہے کہ ریاستی حکومت کے تحت او بی سی کے لیے روزگار میں باقی 5 فیصد ریزرویشن سپریم کورٹ کے حکم کی تعمیل میں 50 فیصد کے دائرے میں بڑھایا جاسکتا ہے۔

کم تعداد والی بنچ آئینی بنچ کے فیصلہ کی پابند

نئی دہلی، (ایجنسیاں)، سپریم کورٹ نے اپنے ایک فیصلے میں کہا ہے کہ جج کس کم تعداد والی بنچوں پر آئینی بنچ کا فیصلہ پابند ہوگا۔ سپریم کورٹ نے اپنے اپریل 2022 کے ایک فیصلے کا حوالہ دیتے ہوئے یہ تبصرہ کیا۔ 7 اپریل 2022 کے ایک فیصلے میں سپریم کورٹ نے کہا تھا کہ کوئی بنچایت اس زمین کی ملکیت کا دعویٰ نہیں کرسکتی جو دیرانہ اراضی قانون کے تحت اصل مالکان سے منظور زیادہ سے زیادہ حد تک لی گئی ہو۔ عدالت عظمیٰ نے کہا تھا کہ چاہئیں ان زمینوں کا صرف انتظام اور کنٹرول کرسکتی ہیں اور ان پر ملکیت کا دعویٰ نہیں کرسکتیں۔ بنچ نے کہا کہ زمین مالکان کو واپس نہیں کیا جاسکتی کیونکہ زمین کا ایکوائرمنٹ موجودہ ضروریات کے ساتھ ساتھ مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر کیا جاتا ہے۔ اب سپریم کورٹ نے اپنے اپریل 2022 کے فیصلے پر نظرثانی کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئینی بنچ کے وضع کردہ قانون کو نظرانداز کرنا اور اس کے برعکس نقطہ نظر رکھنا ایک غلطی ہوگی۔ سپریم کورٹ میں اپریل 2022 کے فیصلے پر نظرثانی کی درخواست دائر کی گئی تھی۔ جمعرات کو اس درخواست پر سماعت کرتے ہوئے جسٹس ابی آر گوئی اور جسٹس سندیپ مہتا کی بنچ نے کہا کہ ہمارے خیال میں آئینی بنچ کے فیصلے کو نظرانداز کرنے سے اس کی مشروطیت کمزور ہوگی اور صرف اسی بنیاد پر فیصلے پر نظرثانی کی اجازت دی جاسکتی ہے۔ سپریم کورٹ اب 7 اگست کو نظرثانی درخواست کی سماعت کرے گی۔

کانگریس رام مندر پر چلوادے گی بلڈوزر

ایودھیا کے سلسلہ میں سپریم کورٹ کے فیصلہ کو پلٹنے کی تیاری کررہی ہے: مودی

بارہ بنکی (یس این بی)

وزیراعظم نریندر مودی نے آج جمعہ کو یہاں کہا کہ اگر کانگریس اور سماج وادی پارٹی پھر اقتدار میں آئیں تو یہ لوگ ایودھیا کے رام مندر پر بلڈوزر چلوادیں گے اور رام للا کو پھر سے ٹینٹ میں بٹھادیں گے۔ وہ یہیں نہیں رکے بلکہ انہوں نے کہا کہ کانگریس ایودھیا کے سلسلہ میں سپریم کورٹ کے فیصلے کو پلٹنے کی تیاری کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس اور ایس پی کو ہلڈوزر چلانے کے لیے یوگی جی سے ٹینڈر لینا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ میں بہت مسلمان نہیں کرتا ہیں صرف انڈیا'(گٹھ بندھن) کی تاریخ بتایا ہوں۔ آج صبح قومی شاہراہ پر پلہری پاس میدان میں بی جے پی کی لوک سبھا رکن کی امیدوار رانی راوت اور موہن لال گنج (محفوظ) سے بی جے پی امیدوار کرشن مُراری کی حمایت میں ایک انتخابی ریلی کو خطاب کرتے ہوئے انہوں نے انڈیا'الائنس کو نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ کرناٹک ان کی تجربہ گاہ ہے، جہاں ان لوگوں نے راتوں رات خفیہ طور پر کمسلمانوں کو ہلڈی کا ریزرویشن دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ ان لوگوں نے کیسے صرف پیار اور پاورام ہے۔ مودی نے کہا کہ'الائنس' تاش کے پتوں کی طرح بکھرنا شروع ہوگیا ہے، جس کا ثبوت یہ ہے کہ مغربی بنگال کی وزیراعلیٰ متاہتربی نے ابھی سے کہنا شروع کردیا ہے کہ وہ'الائنس' کو باہر سے مدد کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ تیسری مرتبہ ملک کے وزیراعظم بننے پر مجھے غریبوں، نوجوانوں، خواتین اور کسانوں کے لیے بہت سارے بڑے فیصلے کرنے ہیں، جس کے لیے بارہ بنکی اور موہن لال گنج کے لوگوں سے آشیرواد مانگنے آیا ہوں۔ وزیراعظم نے کہا کہ کانگریس کے ایک قریبی کمسلمان رام شرن ورما کو ہم نے پدم شری کا اعزاز دے کر زراعت کے شعبہ میں ان کی خدمات کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ یوپی حکومت کی'اون ڈسٹرکٹ ون پروڈکٹ' اسکیم کے تحت یہاں تیار کیے گئے مجھے پوری دنیا میں مشہور ہوچکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ میں جب غیرممالک کے دورہ پر جاتا ہوں تو یہاں کے بنے ہوئے مختلف ڈیزائنوں کے تحفے لوگ لے جاتے ہیں۔ سابق وزیرآتمنربھر بی پرساد ورما کا نام لے کر مودی نے کہا کہ بنی بلاوی پوری زندگی سماج کی خدمت کے لیے وقف تھی۔ انہوں نے سوال کیا کہ جب کانگریس نے ان کے احترام کو یقینی پہنچانی تو سماج وادی شہزادہ سے خاموش رہے۔ جلسہ میں وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی حکومت کی ستائش کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ انہوں نے جو صفائی مہم شروع کی وہ پورے ملک کے لیے مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی کی فلاحی اسکیمیں بلاتفریق سب کے لیے ہیں۔ جلسہ کو وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، ریاستی وزیرستیش شرما، امیدوار راجیہ رانی راوت اور کوشل کشور نے بھی خطاب کیا۔

اگنی ویر اسکیم کو کوڑے دان میں پھینک دیا جائے گا

میں امیٹھی سے تھا، امیٹھی سے ہوں اور امیٹھی سے ہی رہوں گا: راہل گاندھی

امیٹھی، (ایجنسیاں)

کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے کہا ہے کہ مرکز میں اپوزیشن اتحاد'انڈیا' کی حکومت بننے کے بعد اگنی ویر اسکیم کو کوڑے دان میں پھینک دیا جائے گا۔ شہید کی ایک ہی قسم ہوگی اور سب کو پنشن ملے گی۔ وہ اتر پردیش کے امیٹھی لوک سبھا حلقہ میں ایک انتخابی جلسہ عام سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ 42 سال پہلے جب پیلی بھاریمیشی آیا تھا تو اس وقت 12 سال کا بچہ تھا۔ میں اپنے والد کے ساتھ یہاں آیا تھا۔ میں نے سیاست میں جو کچھ سیکھا ہے، امیٹھی کے لوگوں نے مجھے سکھایا ہے۔ کانگریس کے لیڈر نے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں نے اپنے والد اور امیٹھی کے درمیان عمر بھر رشتے کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ میری بھی ایسی ہی سیاست ہے۔ میں امیٹھی سے تھا، امیٹھی سے ہوں اور امیٹھی سے ہی رہوں گا۔ راہل گاندھی نے مزید کہا کہ آج کل مودی گودی میڈیا والوں کو بہت انٹرویو دے رہے ہیں۔ یہ (گودی میڈیا والے) نریندر مودی کے ہیں، ہمارے نہیں ہیں۔ یہ کسانوں اور مزدوروں کی بات نہیں کرتے ہیں۔ راہل گاندھی نے کہا کہ انٹرویو میں جب مودی جی سے پوچھا گیا کہ ایسا کیوں ہے کہ ہندوستان میں امیر لوگ امیر تر ہوتے جارہے ہیں اور غریب لوگ مزید غریب ہوتے جارہے ہیں، تو نریندر مودی نہایت متکبرانہ انداز میں پوچھتے ہیں کہ کیا سب کو ایک بھینس بانٹ دینا چاہئے؟ راہل گاندھی نے کہا کہ مودی جی سے پوچھئے جس کے پاس 22 لوگ امیر ہیں اور بقیہ سب غریب رہیں۔ کانگریس کے لیڈر نے کہا کہ 4 جولائی تک 8500 روپے بینک اکاؤنٹ میں جمع کرائے جائیں گے۔ اگر میڈیا نے زیادہ بولا تو سال کا 2 لاکھ روپے کردیں گے۔ راہل گاندھی نے کہا کہ مودی جی نے فوڈ پارک اور ٹریپل آئی ٹی چھین لی۔ ہم نے ہر گوئے میں قومی شاہراہوں کا جال پھیلایا۔ اگر مرکز میں 'انڈیا' کی حکومت بنتی ہے تو یہاں پروڈوپارک بنایا جائے گا۔ راہل گاندھی نے کہا کہ حکومت بنتے ہی اگنی ویر اسکیم کو اٹھا کر کوڑے دان میں پھینک دیا جائے گا۔ شہید کی ایک ہی قسم ہوگی اور سب کو پنشن ملے گی، سب کو عزت ملے گی، سب کو تحفظ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ فوج کو آئی ونیپن چاہئے، اڈانی کی مدد کرنے کے لیے مودی نے اگنی ویر کو فوج پر تھوپا ہے۔ ہم اگنی ویر اسکیم کو ختم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ مودی جی نے امیٹھی کے لاکھوں نوجوانوں کو بے روزگار کردیا ہے۔ کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے امیٹھی کے کانگریس کے امیدوار کے ایل شرما کے لیے انتخابی مہم چلاتے ہوئے کہا کہ وہ 40 سال سے آپ کے لیے کام کررہے ہیں۔

دہلی پولیس سواتی مالیوال کو جائے واقعہ پر لے گئی

ای ڈی نے شراب پالیسی معاملے میں چارج شیٹ داخل کی، کیجریوال اور عام آدمی پارٹی کو ملزم بنایا

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

دہلی پولیس عام آدمی پارٹی (آپ) کی راجیہ سبھا رکن سواتی مالیوال کو دھمکیوں اور مارپیٹ کے معاملے میں جمعہ کی شام 6 بجے منظر کو دوبارہ پیدا کرنے کے لیے وزیراعلیٰ اروند کیجریوال کے گھر لے گئی تاکہ یہ پتہ چل سکے کہ 13 مئی کو کیا ہوا تھا۔ کی پیشیاں پر جمعہ (17 مئی) کو سپریم کورٹ میں سماعت مکمل ہوگئی۔ کیجریوال نے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) کے ذریعہ اپنی گرفتاری کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔ سپریم کورٹ نے یہ فیصلہ محفوظ کر لیا۔ یہ بھی کہا کہ کیجریوال ضمانت کے لیے ٹرائل کورٹ جاسکتے ہیں۔ سماعت کے دوران ای ڈی نے سپریم کورٹ کو بتایا کہ شراب پالیسی کیس میں اروند کیجریوال اور عام آدمی پارٹی (اے ایم پی) کو ملزم بنایا گیا ہے۔ اس کے کچھ دیر بعد ہی ای ڈی کی ایک ٹیم دہلی کے راؤز ایونیو کورٹ پہنچی اور شراب پالیسی کیس میں آشیرواد منی چارج شیٹ داخل کی۔ اس میں کیجریوال اور آپ کا نام شامل تھا۔ چارج شیٹ میں 21 لوگوں کو کیجریوال کو گرفتار کیا تھا۔ سپریم کورٹ نے 10 مئی کو کیجریوال کو 21 دن یعنی کم جون تک جیل بھیجنے کا حکم دیا۔ انہیں 2 جون کو سرینڈر کرنا ہوگا۔ جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس دیپانکر دتہ کی بنچ نے کیجریوال کی درخواست پر سماعت کی۔ ای ڈی کی طرف سے اڈیشنل سالیسٹر جنرل (اے ایس جی) ایس وی راجو اور کیجریوال کی طرف سے ایڈیشنل سینئر وکیل مکل روہتگی نے دلائل پیش کیے۔

'سیاسی ہٹ مین' خود کو بچانے کی کوشش کررہا ہے: مالیوال

نئی دہلی (ایس این بی) دہلی کے وزیراعلیٰ اروند کیجریوال کی رہائش گاہ کی سیسی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آنے کے بعد، عام آدمی پارٹی کی رکن راجیہ سبھا رکن سواتی مالیوال نے جمعہ کو کہا کہ'سیاسی ہٹ مین نے خود کو بچانے کی کوششیں شروع کردی ہیں۔ 52 سیکنڈ کی ویڈیو میں مالیوال وزیراعلیٰ کی رہائش گاہ پر سیکورٹی اہلکاروں سے بحث کرتے نظر آرہی ہیں۔

وزیراعلیٰ کے پی اے وبھو کمار پر سواتی پر حملہ کرنے کا الزام ہے۔ ان کے خلاف ایف آئی آر درج کرلی گئی ہے۔ دوسری طرف وبھو نے جمعہ کی شام اس معاملے میں کرائس شکایت درج کرائی۔ اس دوران عام آدمی پارٹی نے اسے بی جے پی کی سازش قرار دیا۔ دہلی کے وزیراعلیٰ کی رہائش گاہ پر عام آدمی پارٹی کی راجیہ سبھا ممبر مالیوال کے ساتھ بدتمیزی اور مارپیٹ کا ایک ویڈیو جمعہ کی صبح سامنے آیا۔ وڈیو کی ایڈیٹ کیا جارہا ہے کہ یہ ویڈیو میڈیو طور پر وزیراعلیٰ کی رہائش گاہ کا ہے۔ سواتی اُن کی کے ایصوصفہ پر پہنچی ہیں۔ وبھو باہر آئے اور دہلی پولیس کی جانب سے تعینات سیکورٹی اہلکاروں کو اندر بھیجا۔ وبھو نے مملہ کہ کہا کہ سواتی مالیوال کو باہر نکالا جائے۔ دوسری جانب دہلی کے وزیراعلیٰ اروند کیجریوال کمیشن کے افسر نے وبھو کمار کے گھر پر کیا نوٹس چسپاں

نئی دہلی (ایس این بی)، قومی خواتین کمیشن نے عام آدمی پارٹی کی راجیہ سبھا رکن سواتی مالیوال کے ساتھ بدسلوکی کے معاملے میں ملزم وبھو کمار کی رہائش گاہ پر ایک نوٹس چسپاں کیا ہے۔ نوٹس میں وبھو کمار کو 18 مئی کو صبح 11 بجے کمیشن کے سامنے حاضر ہونے کو کہا گیا ہے۔ کمیشن کے اہلکار پولیس کے ساتھ نوٹس دینے کیلئے وبھو کمار کی رہائش گاہ پہنچے لیکن گھر پر موجود لوگوں نے نوٹس لینے سے انکار کردیا۔

نفرت انگیز تقریر معاملے میں ایف آئی آر درج نہ کرنے پر تھانہ سے رپورٹ طلب

نئی دہلی (یواین آئی)، دہلی کی سائیکت میٹروپولیٹن عدالت نے آج سینئر صحافی قربان علی کی عرضی پر سماعت کرتے ہوئے دہلی کے حضرت نظام الدین پولیس اسٹیشن سے نفرت انگیز تقریر کے معاملے میں وزیراعظم نریندر مودی کے خلاف شکایت سے متعلق رپورٹ طلب کی ہے۔ عدالت نے متعلقہ تھانے سے کارروائی کی رپورٹ (اے ٹی آر) طلب کرتے ہوئے پوچھا کہ قربان علی کی ایف آئی آر درج کیوں نہیں کی گئی؟ قربان علی نے 21 اپریل 2024 کو پانسوارہ راستہ میں ایک انتخابی ریلی کے دوران مسلمانوں کو نشانہ بنانے اور عوامی نمائندگی ایکٹ 1951 کی خلاف ورزی کرنے پر وزیراعظم نریندر مودی کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا تھا۔ قربان علی کی طرف سے جاری ایک ریلیز کے مطابق انھوں نے دہلی پولیس سے 23 اپریل 2024 کو اس سلسلے میں ایف آئی آر درج کرنے کی درخواست کی تھی۔ لیکن حضرت نظام الدین پولیس اسٹیشن نے ان کی ایف آئی آر درج نہیں کی جس کے خلاف انھوں نے دہلی کی سائیکت کورٹ میں دفعہ (3)156 کے تحت درخواست دائر کی۔ میٹروپولیٹن مجسٹریٹ کارتک تتاپایل نے دہلی ذی نے آج درخواست پر دلائل سننے کے بعد حضرت نظام الدین پولیس اسٹیشن سے کارروائی کی رپورٹ (اے ٹی آر) طلب کی اور پوچھا کہ قربان علی کی ایف آئی آر کیوں درج نہیں کی گئی۔ اب اس کیس کی اگلی سماعت 5 جون کو ہوگی۔ مسترقربان علی نے دہلی کی سائیکت کورٹ میں دائل درخواست کے ذریعے عدالت سے کہا کہ وہ اس ایچ او حضرت نظام الدین کو عوامی نمائندگی ایکٹ 1951 کی خلاف ورزی سے متعلق آئی پی سی کی دفعات 153 اے، 153 بی، 295 اے 298، 504، 505 اور دفعہ (3)123 اے 125 کے تحت پی ایم مودی کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت جاری کرے۔

منی پور میں کالعدم تنظیم کے 4 ارکان گرفتار

امپھال، (ایجنسیاں)، منی پور پولیس اور آسام رائفلز نے مشترکہ طور پر منی پور کے تھوبل ضلع میں کالعدم تنظیم کانگلیپک کمیونسٹ پارٹی (کے سی پی) کے 4 انتہا پسندوں کو گرفتار کیا ہے۔ ایک پولیس افسر نے بتایا کہ انہیں انتہا پسندوں کے بارے میں خفیہ اطلاع ملی تھی جس کے بعد انہوں نے ریپوک بازار علاقے میں ایک آپریشن شروع کرکے انہیں پکڑلیا۔ افسر نے بتایا کہ ان کے پاس سے 5 موبائل ہینڈسیٹ، 9 وی 40 ایم پستول، 5 ڈیمائلیٹر، 56 ایم ایم کے 20 گولہ بارود اور 7.62 ایم ایم کے 4 گولہ بارود برآمد ہوئے ہیں۔ پولیس نے کے سی پی کے ایک سرگرم رکن کو بھی امپھال مغربی ضلع سے گرفتار کیا ہے۔ گرفتار تمام افراد امپھال علاقہ کے پاتامبا اور تھنگل بازار میں واقع دکانوں سے بھتہ خوری میں ملوث تھے۔

Share your experience, Call us: 1800 1800 600 or Write us at: info@hamdard.com or Visit us at: www.hamdard.com Hamdard Laboratories India (Food Division), Registered & Consumer Care Office: Hamdard Manzil, Lal Kuan, Delhi - 110 006, India
ہمیں فالو کریں: